حدیث غدیر اور لفظ مولیٰ

بقلم: مولانا سید ابو ہشام نجفی صاحب

نشر و اشاعت: ادارہ تحفظ عقائد تشیع

بسم الله الرحمن الرحیم الحمد لله رب العالمین، والصلاۃ والسلام علی خیر خلقه وأفضل بریته محمد وعترته الطاهرین، واللعن الدائم علی أعدائهم أجمعین إلی یوم الدین

حدیث غدیر اور لفظ مولیٰ

حدیث غدیر میں لفظ (مولیٰ) اور فہم سلف میں ناصبیوں کی خیانتیں

۲۸ جولائی سنہ ۲۰۲۱

بقلم: مولانا سید ابو ہشام نجفی صاحب

نشر و اشاعت: ادارہ تحفظ عقائد تشیع

حدیث غدیر وہ مشہور و معروف اور متواتر حدیث ہے جس کا انکار ممکن نہیں۔

اس حدیث کے متعلق ابن شاہین متوفی 385 ھ لکھتا ہے:

وَقَدْ رَوَى حَدِيثَ غَدِيرِ خُمٍّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوُ مِائَةِ نَفْسٍ، وَفِيهِمُ الْعَشَرَةُ، وَهُوَ حَدِيثٌ ثَابِتٌ، لَا أَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً. تَفَرَّدَ عَلِيٌّ بِهَذِهِ الْفَضِيلَةِ، لَمْ يَشْرَكْهُ فِيهَا أَحَدٌ.

حدیث غدیر کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تقریباً سو صحابہ نے روایت کیا ہے جن میں عشرہ (مبشرہ) بھی شامل ہیں ،وہ ایسی ثابت حدیث ہے جس میں کسی بھی قسم کی علت نہیں پائی جاتی، اس فضیلت میں علی (علیہ السلام) منفرد ہیں اس میں کوئی آپ کا شریک نہیں ہے ۔

شرح مذاهب أهل السنة ومعرفة شرائع الدين والتمسك بالسنن ص 103

حدیث غدیر کا انکار تمام احادیث کا انکار ہوگا ،لہذا ناصبیوں کو اتنی جرات تو نہیں کہ وہ اس حدیث کا انکار کر دیں (البتہ بعض بدبختوں نے یہ بھی کیا ہے، مگر اس عمل سے حدیث کی صحت پر تو کوئی اثر نہیں پڑا مگر انکار کے سبب وہ ذلیل و خوار ہو گئے) البتہ معنوی تحریف ضرور کرتے ہیں لہذا کہتے ہیں حدیث غدیر میں مولیٰ سے مراد دوستی ہے چنانچہ یہ ترجمہ کرتے ہیں (جس کا میں دوست اس کے علی دوست) غلام مصطفی ظہیر امن پوری ناصبی اہل حق کے رد کی ناکام کوشش کرتے ہوئے بیہقی کے کلام سے استدلال کرتا ہے :

(اس باب میں انہوں نے بے شمار حدیثیں بھی وضع کی ہیں، صحیح حدیث "من كنت مولاه فعلي مولاه" میں مولا کا معنی "والی" کرتے ہیں، جو کسی بھی صورت میں درست نہیں۔ امام بیہقی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

وَأَمَّا حَدِيثُ الْمُوَالِاةِ فَلَيْسَ فِيهِ۔ إِنْ صَحَّ إِسنَادُه،۔ نَصٌّ عَلٰى وَلَايَةِ عَلِيِّ بَعْدَه، ـــــ فَأَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَذْكُرَ اخْتِصَاصَه، بِهِ وَمَحبَّتَه، إِيَّاهُ

وَيَحُثُّهُمْ بِذَالِکَ عَلٰی مَحَبَّتِهِ وَمُوَالاتِهِ وَتَرْکِ مُعَادَاتِهِ فَقَالَ : مَنْ کُنْتُ وَلِيَّه، فَعَلِيٌّ وَلِيُّه، وَفِي بَعْضِ الرُّوَايَاتِ : مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ أَللّٰهُمَّ وَالِ مِنْ وَالاهُ وَعَادِ مِنْ عَادَاهُ . وَالْمُرَادُ بِهِ وَلَاءُ الْإِسْلَامِ وَمَودَّتُه،، وَعَلَی الْمُسْلِمِينَ أَنْ يوَالِيَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَلَا يُعَادِي بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَهُوَ فِي مَعْنٰی مَا ثَبَتَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّه، قَالَ : وَالَّذِي فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ إِنَّه، لَعَهْدُ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيَّ أَنَّه، لَا يُحِبُّنِي إِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُنِي إِلَّا مُنَافِقٌ.

"حدیث موالاۃ ، اگر صحیح ہے، تو اس میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے خلیفہ بلا فصل ہونے پر کوئی نص نہیں-------نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ اپنی خصوصیت و محبت کا ذکر کرنا چاہتے ہیں اور لوگوں کو ان سے محبت و موالات کرنے کا اور ان سے عداوت کو ترک کرنے پر ترغیب دے رہے ہیں۔ یہاں مراد اسلام کا تعلق اور اسلام کی محبت ہے۔آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا:" جس کا میں دوست ہوں، اس کے علی دوست ہیں۔ "دوسری روایت میں ہے :"جس کا میں دوست ہوں اس کے علی دوست ہیں۔ اللہ! جو علی سے محبت کرے، تو بھی اس سے محبت کر اور جو علی سے بغض وعداوت رکھے، تو بھی اس سے عداوت رکھ۔" لازم ہے کہ مسلمان ایک دوسرے سے محبت رکھیں، دشمنی نہ

رکھیں۔ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی بیان کردہ حدیث میں یہی معنی بیان ہوا ہے :" اس ذات کی قسم، جس نے دانے کو پھاڑا اور جان پیدا کی! مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک وعدہ دیا تھا کہ مجھ سے کوئی مومن ہی محبت کرے گا اور مجھ سے عداوت کوئی منافق ہی رکھے گا۔"

(الإعتقاد، ص ٣٥٤)

http://mazameen.ahlesunnatpk.com/wilayat-e-ali-r-z(/

بیہقی نے اپنے اس باطل دعوے پر کوئی دلیل نہیں دی، اور یہی حالت دیگر ناصبیوں کی بھی ہے وہ بھی بغیر کسی دلیل کے مولی کے معنی دوست تسلیم کرتے ہیں حالانکہ ان کے اس باطل عقیدہ کی رد میں سیکڑوں دلیلیں ہیں ہم سب سے چشم پوشی کرتے ہوئے فقط ایک روایت سے استدلال کریں گے جس سے واضح ہو جائے گا کہ حدیث غدیر میں لفظ مولی سے نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی مراد دوست نہیں بلکہ ولی ہے ۔

ناصبیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ قرآن و حدیث کی تاویل و تفسیر کا انحصار فہم سلف پر ہے ،ناصبیوں کی اصطلاح میں فہم سلف کا مطلب ہے (قرآن و سنت کا فقط وہی معنی صحیح ہے جو صحابہ، تابعین، تبع تابعین نے سمجھا ہو) ناصبیوں کے یہاں فہم سلف حجت ہے، وہ سلف کی مخالفت کو گمراہی سمجھتے ہیں، گویا یہ نام نہاد غیر مقلد اسلاف کے اندھے مقلد ہیں، فہم سلف کی حجیت پر ناصبیوں نے بہت کچھ لکھا ہے بطور دلیل فقط دو ناصبیوں (غلام مصطفی امن پوری اور اس کا چیلا ابو یحیی نور پوری -Tom

(and Jerry کے مضامین کے اقتباسات پیش کرتے ہیں جو انہوں نے فہم سلف کی حجیت پر لکھے ہیں :

غلام مصطفی امن پوری کا مضمون محدث فورم پر (کیا فہم سلف حجت ہے ؟)کے نام سے موجود ہے :

https://forum.mohaddis.com/threads/%DA%A9%DB%8C%D8%A7-%D9%81%DB%81%D9%85-%D8%B3%D9%84%D9%81-/%D8%AD%D8%AC%D8%AA-%DA%BE%DB%92%D8%9F.38045

اگر ہم تمام اختلافات دور کرنا چاہتے ہیں تو قرآن و سنت کا وہی مفہوم لینا شروع کر دیں جو صحابہ، تابعین اور تبع تابعین لیتے تھے۔ ان کے بارے میں خیر و بھلائی کی گواہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے۔ یقیناً یہ لوگ اہل حق تھے صراط مستقیم پر تھے، لہذا اگر ہم قرآن و سنت کو ان کی طرح سمجھنے لگیں گے تو باہمی اختلافات خود بخود ختم ہو جائیں گے اور صحیح اسلام ہمیں مل جائے گا، یوں ہم بھی صراط مستقیم پر چلنے لگیں گے۔

فہم سلف کی حجیت میں محدثین کرام اور ائمہ دین میں کوئی اختلاف نہ تھا۔ وہ سب فہم سلف کو حجت سمجھتے تھے۔

-------------حافظ ابن القیم الجوزیہ رحمہ اللہ کا یہ شعر بڑا برموقع ہے :

العلم قال الله، قال رسوله' قال الصحابة، ليس بالتمويه

"علم وہ ہے، جو اللہ تعالیٰ، اس کے رسول اور صحابہ کرام کا فرمان ہو، ملمہ سازی علم نہیں۔"

--------نیز سلفی دعوت کے اصول بیان کرے ہوئے فرماتے ہیں :

والدعامة الثالثة : وهو مما تتميز به الدعوة السلفية على كل الدعوات القائمة اليوم على وجه الأرض، ما كان منها من الإسلام المقبول، وما كان منها ليس من الإسلام إلا اسماً، فالدعوة السلفية تتميز بهذه الدعامة الثالثة، ألا وهى : أن القرآن والسنة يجب أن يفهما على منهج السلف الصالح من الصحابة والتابعين و أتباعهم، أى : القرون الثلاثة المشهود لهم بالخيرية بنصوص الأحاديث الكثيرة المعروفة، وهذا مما تكلمنا عليه بمناسبات شتى، و أتينا بالأدلة الكافية التى تجعلنا نقطع

بأن كل من يريد أن يفهم الإسلام من الكتاب والسنة بدون هذه الدعامة الثالثة فسيأتى بإسلام جديد، وأكبر دليل على ذلك الفرق الإسلامية التى تزداد فى كل يوم، والسبب فى ذلك هو عدم التزامهم هذا المنهج الذى هو الكتاب والسنة وفهم السلف الصالح.

اور تیسرا اصول جس سے سلفی دعوت آج روئے زمین پر موجود تمام اسلامی یا نام نہاد اسلامی دعوتوں سے ممتاز ہے، وہ (کتاب و سنت کے ساتھ تیسرا اصول یہ ہے کہ کتاب و سنت کو سلف صالحین، یعنی صحابہ، تابعین اور تبع تابعین کے طریقے کے مطابق سمجھنا واجب ہے۔ یہ وہ تین بہترین زمانے ہیں، جن کی بھلائی کی گواہی بہت سی مشہور و معروف احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم میں دی گئی ہے۔ ہم اس موضوع پر مختلف مناسبتوں سے بات کر چکے ہیں اور ایسے تسلی بخش دلائل دے چکے ہیں، جن سے قطعی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ جو بھی شخص اس تیسرے اصول کے بغیر کتاب و سنت کو سمجھنے کی کوشش کرے گا، وہ ایک نیا اسلام متعارف کرائے گا۔ اس پر بڑی واضح دلیل یہ ہے کہ روز بروز اسلامی فرقے

بڑھتے جا رہے ہیں۔ اس کا سبب کتاب و سنت کے فہم میں سلف صالحین کے منہج کو لازم نہ پکڑنا ہے۔" (دروس للشیخ محمد ناصر الدین الالبانی : ۳۱/۳ من مکتبۃ الشاملۃ)

نیز سلفی لوگوں (اہل حدیث) کے بارے میں لکھتے ہیں :

إنّهم يدعون إلى فهم الكتاب و السنّة على منهج السلف الصالح، لا يكتفون فقط بدعوة المسلمين إلى الرجوع إلى الكتاب والسنة، بل يزيدون على ذلك إلى الرجوع إلى الكتاب والسنّة على منهج السلف الصالح.

"وہ کتاب و سنت کو سلف صالحین کے منہج کے مطابق سمجھنے کی طرف دعوت دیتے ہیں۔ وہ مسلمانوں کو صرف کتاب و سنت کی طرف دعوت دینے پر اکتفا نہیں کرتے، بلکہ اس پر یہ اضافہ بھی کرتے ہیں کہ کتاب و سنت کو سلف و صالحین کے طریقے کے مطابق سمجھا جائے۔" (دروس الشیخ الالبانی : ۳۸/۱۵)

اب سلفی لوگوں اور سلف صالحین سے کیا مراد ہے؟ شیخ موصوف کی زبانی ملاحظہ فرمائیں :

الدعوة السلفيّة : نسبة إلى السلف وفي اللغة : هم القوم المتقدّمون، و يراد بهم فى الاصطلاح : أنهم القرون الثلاثة الخيرة الّتى جاء الثناء عليها عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فى قوله : ”خير القرون قرنى، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم ثم يأتى من بعد ذلك أناس يشهدون ولا يستشهدون، ويخونون ولا يؤتمنون، ويكون فيهم الكذب“، فهؤلاء بشهادة رسول الله صلى الله عليه وسلم- أى لهذه القرون الثلاثة- أنّهم خير القرون، ولا شك أن هديهم وطريقتهم وسنتهم هي خير الهدى وخير السنن و خير الطرائق، و يقابل السلف الخلف، وهم الّذين جاء وا بعده هذه القرون الثلاثة، و نحن نعلم أنه قد اختلفت طريقة السلف عن الخلف فى كثير من الأمور، فقد ظهرت بعد القرن الثالث أمور لم تكن ...

”سلفی دعوت، سلف کی طرف منسوب ہے، لغوی اعتبار سے سلف سے مراد پہلے لوگ ہیں اور اصطلاح میں وہ تین بہترین زمانے ہیں، جن کی

تعریف و توصیف اس فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود ہے کہ سب سے بہترین زمانہ میرا ہے، پھر وہ لوگ جو ان کے متصل بعد ہوں گے اور پھر وہ لوگ جو ان کے متصل بعد ہوں گے، پھر ان کے بعد ایسے لوگ آئیں گے، جو گواہی دیں گے، حالانکہ ان سے گواہی طلب نہیں کی جائے گی۔ وہ خیانت کریں گے اور ان کو امین نہیں سمجھا جائے گا۔ ان میں جھوٹ رواج پا جائے گا۔ تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی گواہی کے مطابق یہ تین زمانے سب زمانوں سے بہترین ہیں۔ بلاشبہ ان کا طریقہ، ان کا راستہ اور ان کا منہج ہی سب طریقوں، راستوں اور مناہج سے بہترین ہے۔ سلف کے مقابلے میں خلف کا لفظ ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جو ان تین زمانوں کے بعد آئے۔ ہمیں معلوم ہے کہ بہت سے امور میں سلف کا طریقہ خلف سے مختلف ہے، کیونکہ تیسری صدی کے بعد بہت سے ایسے امور ظاہر ہو گئے تھے، جو پہلے نہ تھے ..." (دروس الشیخ الالبانی : ۳۸/۲)

قرآن و سنت کے دلائل سے مزین و مدلل محدث البانی رحمہ اللہ کے ان دروس سے معلوم ہوا کہ کتاب و سنت کا وہی فہم معتبر ہے، جو صحابہ و

تابعین اور تبع تابعین نے لیا ہے۔ اگر کوئی بعد والا شخص قرآن کریم کی کسی آیت یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی حدیث کا ایسا مفہوم لیتا ہے جو سلف صالحین کے خلاف ہو تو اس پر عمل کرنا سوائے گمراہی کے اور کچھ نہیں۔ یہی سبیل المؤمنین ہے جس کے التزام کا حکم قرآن و حدیث نے کتاب و سنت کے التزام کے ساتھ ہی دیا ہے۔ یہی ائمہ دین اور محدثین کا طریقہ ہے اور یہی اہل الحدیث کا منہج ہے۔

نورپوری کا مضمون امن پوری کی بدنام زمانہ ماہنامہ السنہ میں شائع ہوا (فہم سلف اور اہل حدیث کے نام سے)

http://mazameen.ahlesunnatpk.com/fahme-salaf-pr-/ahlehadith

اہل حدیث کی خصوصیات میں سے خصوصی شرف و امتیاز یہ ہے کہ وہ سلف صالحین کے منہج و فہم کے علمبردار ہیں۔وہ اپنی عقل و دانش کی بنیاد پر قرآن و حدیث کو نہیں سمجھتے،بلکہ سلف صحابہ کرام اور ائمہ دین و

محدثین کے فہم پر اکتفا کرتے ہوئے قرآن و حدیث کے مفاہیم و معانی اور مطالب معین کرتے ہیں۔بعض لوگ اس پر بہت سے سطحی اشکالات وارد کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ تو سلف کی تقلید ہوئی اور اہل حدیث تو تقلید کو بُرابھلا کہتے ہیں۔ہاں! اگر اسے لغوی طور پر تقلید،جس کا اطلاق کبھی پیروی پر بھی ہو جاتا ہے،کہہ دیا جائے توکوئی حرج نہیں،لیکن فہم سلف کا التزام اصطلاحی تقلید،یعنی تقلیدِ شخصی نہیں کہا جا سکتا،جو کہ مذموم و ممنوع ہے۔یہ تو سلف صالحین کے اجماعی و اتفاقی منہج و فہم کی پیروی ہے، جو کہ سبیل المومنین اور واجب الاتباع ہے۔یہی وجہ ہے کہ سلف کی پیروی اہل حدیث کا شعار ہے۔

جو شخص یا گروہ شرعی نصوص کو صحابہ وتابعین اور ائمہ دین کے فہم و اجتہاد کے مطابق نہیں سمجھتا،وہ پکا گمراہ ہے۔سلف صالحین کی پیروی در حقیقت رشد و ہدایت اور حق و صداقت تک پہنچنے کا راستہ ہے۔یہی وہ بنیاد ہے جو امت کو انتشار و افتراق سے بچا سکتی ہے اور معاشرے کو صحیح اسلامی عقائد پر استوار کر سکتی ہے۔

------------------شیخ الاسلام،ابو العباس،احمد بن عبد الحلیم، ابن تیمیہ رحمہ اللہ (661-728ھ) فہم سلف کو اختیار کرنے کی ضرورت کو یوں بیان کرتے ہیں :

وَمَنْ تَدَبَّرَ كَلَامَ أَئِمَّةِ السُّنَّةِ الْمَشَاهِيرِ فِي هٰذَا الْبَابِ، عَلِمَ أَنَّهُمْ كَانُوا أَدَقَّ النَّاسِ نَظَرًا، وَأَعْلَمَ النَّاسِ فِي هٰذَا الْبَابِ بِصَحِيحِ الْمَنْقُولِ، وَصَرِيحِ الْمَعْقُولِ، وَأَنَّ أَقْوَالَهُمْ هِيَ الْمُوَافِقَةُ لِلْمَنْصُوصِ وَالْمَعْقُولِ، وَلِهٰذَا تَأْتَلِفُ وَلَا تَخْتَلِفُ، وَتَتَوَافَقُ وَلَا تَتَنَاقَضُ، وَالَّذِينَ خَالَفُوهُمْ لَمْ يَفْهَمُوا حَقِيقَةَ أَقْوَالِ السَّلَفِ وَالْأَئِمَّةِ، فَلَمْ يَعْرِفُوا حَقِيقَةَ الْمَنْصُوصِ وَالْمَعْقُولِ، فَتَشَعَّبَتْ بِهِمُ الطُّرُقُ، وَصَارُوا مُخْتَلِفِينَ فِي الْكِتَابِ، مُخَالِفِينَ لِلْكِتَابِ، وَقَدْ قَالَ تَعَالٰى : (وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتَابِ لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ) (البقرة 2 : 176) .

"جو اس بارے میں مشہور ائمہ سنت کے کلام پر غور کرے گا،اسے بخوبی معلوم ہو جائے گا کہ وہ (علومِ دینیہ پر)سب لوگوں سے زیادہ گہری نظر رکھتے تھے اور اس بارے میں صحیح منقول اور صریح منقول دلائل کا سب سے بڑھ کر علم رکھنے والے تھے۔ان کے اقوال نقلی و عقلی دلائل کے عین

مطابق ہوتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ وہ باہم ملتے جلتے ہیں، مختلف نہیں ہوتے اور باہم موافق ہیں، متناقض نہیں ہوتے۔جن لوگوں نے ان کی مخالفت کی ہے،وہ سلف اور ائمہ دین کے اقوال کو سمجھ نہیں پائے،نہ وہ نقلی و عقلی دلائل کی حقیقت کو جان سکے ہیں۔اس طرح وہ گمراہ ہو کر وحیِ الٰہی میں اختلاف کا شکار ہو گئے اور اس کے مخالف بن گئے ہیں۔حالانکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے : (وَاِنَّ الَّذِیْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْ الْكِتَابِ لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ)(البقرة 2 : 176) (اور جن لوگوں نے کتاب[وحی]میں اختلاف کیا ہے،وہ دور کی گمراہی میں جا پڑے ہیں)۔"(درء تعارض العقل والنقل : 2/301)

قرآنِ کریم میں فہم سلف کی پیروی کا حکم دیا گیا ہے،فرمانِ باری تعالیٰ ہے :

(یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ)(النساء 4 : 59)

"اے ایمان والو! اللہ،اس کے رسول اور اپنے اولی الامر کی اطاعت کرو۔"

اولی الامر کے اول مصداق صحابہ کرام وتابعین اور ائمہ محدثین ہیں۔مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت و فرمانبرداری صحابہ و تابعین اور ائمہ محدثین کے فہم و منہج کے مطابق کرو۔

نیز ارشادِ باری تعالیٰ ہے :

(فَاِنْ آمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ)(البقرة 2 : 137)

"(میرے نبی کے صحابہ!)اگر یہ لوگ اس طرح ایمان لائیں جس طرح تم ایمان لائے ہو تو وہ ہدایت یافتہ ہوں گے اور اگر وہ اس سے پھر گئے تو وہ گمراہی میں ہوں گے۔"

مزید فرمایا :

(وَالسَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ)(التوبة 9 : 100)

"مہاجرین اور انصار میں سے پہلے سبقت لے جانے والوں اور ان کی احسان کے ساتھ پیروی کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ راضی ہو گیا ہے اور وہ اس سے راضی ہو گئے ہیں۔"

یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا جس طرح مہاجرین و انصار صحابہ کرام کے لیے ہے ،اسی طرح ان لوگوں کے لیے بھی ہے جو ان صحابہ کرام کا اتباع کرتے ہیں۔

صحابہ کرام کا اتباع ان کے فہم و اجتہاد میں کرنا ہے،جیسا کہ سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے خارجیوں سے مناظرہ کرتے ہوئے اسی فہمِ صحابہ ہی کو دلیل بنایا تھا۔آپ رضی اللہ عنہما نے فرمایا تھا :

أَتَيْتُكُمْ مِّنْ عِنْدِ صَحَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ، لِأُبَلِّغَكُمْ مَّا يَقُولُونَ، الْمُخْبَرُونَ بِمَا يَقُولُونَ، فَعَلَيْهِمْ نَزَلَ الْقُرْآنُ، وَہُمْ أَعْلَمُ بِالْوَحْيِ مِنْكُمْ .

"میں تمہارے پاس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مہاجرین و انصار صحابہ کرام کی طرف سے حاضر ہوا ہوں تاکہ تمہیں ان کی بات پہنچاؤں۔وہ ایسے

لوگ ہیں کہ جو (قرآنی و حدیثی دلائل) وہ بیان کرتے ہیں،ان سے باخبر ہیں،ان پر قرآنِ کریم نازل ہوا اور یہ لوگ وحیِ الٰہی کو تم سے بڑھ کر جانتے ہیں۔"

(المستدرک علی الصحیحین للحاکم : 1/151,150، ح : 2656، وقال : ہٰذا حدیث صحیحٌ علی شرط مسلم، ووافقه الذہبيّ، وسنده، حسنٌ)

امت کے جہالت و ضلالت اور اندھی تقلید سے نکلنے کے لیے فہم سلف کی پیروی ضروری ہے۔جس طرح اہل سنت والجماعت کا ہر گروہ قرآن و سنت کو معیارِ حق قرار دیتا ہے، اسی طرح اس کا ہر فرقہ چار وناچار قرآن وسنت کو فہم سلف کے مطابق سمجھنے کو ضروری قرار دیتا ہے،یوں یہ امت کا اجماعی فیصلہ ہے،لیکن جس طرح قرآن وسنت پر ہر دعویدار عمل نہیں کرتا،اسی طرح فہم سلف کو بھی صرف اہل حدیث ہی صحیح معنوں میں قبول کرتے ہیں۔

یہاں ہم بعض حنفی حضرات کی وہ آراء ذکر کرنا چاہتے ہیں جن میں فہم سلف کی ضرورت و اہمیت اور تقلید کی مذمت بیان ہوئی ہے :

1 علامہ محمدبن علی بن محمد،ابن ابو العز،حنفی رحمہ اللہ (792-731ھ)فرماتے ہیں :

وَكَيْفَ يَتَكَلَّمُ فِي أُصُولِ الدِّينِ مَنْ لَّا يَتَلَقَّاهُ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ، وَإِنَّمَا يَتَلَقَّاهُ مِنْ قَوْلِ فُلَانٍ؟ وَإِذَا زَعَمَ أَنَّه، يَأْخُذُه، مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَا يَتَلَقّٰى تَفْسِيرَ كِتَابِ اللّٰهِ مِنْ أَحَادِيثِ الرَّسُولِ، وَلَا يَنْظُرُ فِيهَا، وَلَا فِيمَا قَالَهُ الصَّحَابَةُ وَالتَّابِعُونَ لَهُمْ بِإِحْسَانٍ، الْمَنْقُولِ إِلَيْنَا عَنِ الثِّقَاتِ النَّقَلَةِ، الَّذِينَ تَخَيَّرَہُمُ النُّقَّادُ، فَإِنَّہُمْ لَمْ يَنْقُلُوا نَظْمَ الْقُرْآنِ وَحْدَه،، بَلْ نَقَلُوا نَظْمَه، وَمَعْنَاهُ، وَلَا كَانُوا يَتَعَلَّمُونَ الْقُرْآنَ كَمَا يَتَعَلَّمُ الصِّبْيَانُ، بَلْ يَتَعَلَّمُونَه، بِمَعَانِيهِ، وَمَنْ لَّا يَسْلُکُ سَبِيلَہُمْ فَإِنَّمَا يَتَكَلَّمُ بِرَأْيِهٖ، وَمَنْ يَتَكَلَّمُ بِرَأْيِهٖ وَمَا يَظُنُّه، دِينَ اللّٰهِ، وَلَمْ يَتَلَقَّ ذٰلِکَ مِنَ الْكِتَابِ فَهُوَ مَأْثُومٌ وَّإِنْ أَصَابَ، وَمَنْ أَخَذَ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ فَهُوَ مَأْجُورٌ وَّإِنْ أَخْطَأَ، لٰكِنْ إِنْ أَصَابَ يُضَاعَفُ أَجْرُه، .

"وہ شخص اصولِ دین کے بارے میں کلام کیسے کر سکتا ہے جس نے یہ اصول کتاب و سنت سے اخذ نہ کیے ہوں، بلکہ کسی شخص کے قول سے لیے ہوں۔اگر وہ قرآنِ کریم سے ان اصولوں کے اخذ کرنے کا دعویٰ کرتا ہے تو قرآنِ کریم کی تفسیر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے نہیں لیتا۔وہ نہ احادیث کو دیکھتا ہے ،نہ صحابہ وتابعین کے ان اقوال میں غور کرتا ہے جنہیں ہم تک ان ثقہ راویوں نے پہنچایا ہے جن کو نقاد محدثین نے منتخب کیا تھا۔صحابہ و تابعین (کے اقوال اس لیے ضروری ہیں کہ انہوں) نے صرف قرآنِ کریم کے الفاظ نقل نہیں کیے،بلکہ اس کا معنیٰ بھی نقل کیا ہے۔وہ قرآنِ کریم کو اس طرح نہیں سیکھتے تھے جس طرح بچے (صرف لفظاً) سیکھتے ہیں،بلکہ وہ قرآنِ کریم کو اس کے معانی سمیت سیکھتے تھے۔جو شخص ان کے راستے پر نہیں چلے گا،وہ اپنی رائے سے بات کرے گا اور جو شخص اپنی رائے سے بات کرے گا اور اسے اللہ کا دین سمجھے گا،حالانکہ اس نے یہ رائے وحی سے نہیں لی ہو گی،وہ اگر درست فیصلہ بھی کرے گا تو گناہگار ہو گا۔اس کے مقابلے میں جو شخص کتاب

و سنت سے مسئلہ اخذ کرے گا،اگرچہ وہ غلطی پر ہو،اسے اجر ملے گا۔اگر وہ درستی پر ہوا تو اسے دو اجر ملیں گے۔"

(شرح العقیدۃ الطحاویۃ، ص : 196,195)

یعنی صرف کتاب وسنت کا دعویٰ مبہم ہے،کیونکہ ہر گمراہ فرقہ بھی کتاب و سنت سے مسائل اخذ کرنے کا مدعی ہے۔فیصلہ کن بات یہ ہے کہ کتاب و سنت کو فہم سلف کے مطابق سمجھا جائے اور وحیِ الٰہی سے ایسا کوئی مسئلہ اخذ نہ کیا جائے،سلف جس کے مخالف ہوں۔

2 علامہ،احمد بن عبد الرحیم،المعروف بہ شاہ ولی اللہ،دہلوی،حنفی(1176-1114ھ)

فہم سلف کو فرقہ ناجیہ کا منہج قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

اَلْفِرْقَةُ النَّاجِيَةُ ہُمُ الْآخِذُونَ فِي الْعَقِيدَةِ وَالْعَمَلِ جَمِيعًا، بِمَا ظَهَرَ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ، وَجَرٰى عَلَيْهِ جُمْهُورُ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِينَ، وَإِنِ اخْتَلَفُوا فِيمَا بَيْنَہُمْ فِيمَا لَمْ يَشْتَہِرْ فِيهِ نَصٌّ، وَلَا ظَهَرَ مِنَ الصَّحَابَةِ

اتِّفَاقٌ عَلَيْهِ، اسْتِدْلَالًا مِّنْهُم بِبَعْضِ مَا هُنَالِكَ، أَوْ تَفْسِيرًا لِّمُجْمَلِهِ، وَغَيْرُ النَّاجِيَةِ كُلُّ فِرْقَةٍ انْتَحَلَتْ عَقِيدَةً خِلَافَ عَقِيدَةِ السَّلَفِ، أَوْ عَمَلًا دُونَ أَعْمَالِهِمْ .

"فرقہ ناجیہ (جنتی گروہ) وہ لوگ ہیں جو عقیدہ و عمل دونوں میں وہ بات لیتے ہیں جو کتاب و سنت سے ظاہر ہو اور جس پر جمہور صحابہ و تابعین عمل کرتے ہیں۔ہاں! جن مسائل میں کوئی شرعی نص معروف نہ ہو، نہ اس سلسلے میں صحابہ کرام کا کوئی اتفاق سامنے آیا ہو، اس میں فرقہ ناجیہ کے لوگ بعض آثار سے استدلال کرتے ہوئے یا مجمل نصوص کی تفسیر کرتے ہوئے آپس میں مختلف ہو سکتے ہیں۔اس کے برعکس غیرناجیہ گروہ ہر وہ فرقہ ہے جو ایسے عقیدے سے منسوب ہو جو سلف صالحین (صحابہ و تابعین) کے خلاف ہے یا ایسا عمل اپنائے جو سلف سے ثابت نہیں۔" (حجۃ اللہ البالغۃ : 1/170)

نیز فرماتے ہیں : إِنَّ الْأُمَّةَ اجْتَمَعَتْ عَلٰى أَنْ يَّعْتَمِدُوا عَلَى السَّلَفِ فِي مَعْرِفَةِ الشَّرِيعَةِ، فَالتَّابِعُونَ اعْتَمَدُوا فِي ذٰلِکَ عَلَى الصَّحَابَةِ، وَتَبَعُ التَّابِعِينَ اعْتَمَدُوا عَلَى التَّابِعِينَ، وَهٰكَذَا فِي كُلِّ طَبَقَةٍ اعْتَمَدَ الْعُلَمَاءُ

عَلٰى مَنْ قَبْلَہُمْ، وَالْعَقْلُ يَدُلُّ عَلٰى حُسْنِ ذٰلِکَ، لِأَنَّ الشَّرِيعَةَ لَا تُعْرَفُ إِلَّا بِالنَّقْلِ وَالِاسْتِنْبَاطِ، وَالنَّقْلُ لَا يَسْتَقِيمُ إِلَّا بِأَنْ تَأْخُذَ كُلُّ طَبَقَةٍ عَمَّنْ قَبْلَهَا بِالِاتِّصَالِ، وَلَا بُدَّ فِي الِاسْتِنْبَاطِ أَنْ تُعْرَفَ مَذَاهِبُ الْمُتَقَدِّمِينَ، لِئَلَّا يَخْرُجَ عَنْ أَقْوَالِهِمْ، فَيَخْرُقَ الْإِجْمَاعَ .

"امتِ مسلمہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ وہ شریعت کو سمجھنے کے سلسلے میں اپنے سلف پر اعتماد کرتی ہے۔تابعین کرام نے صحابہ پر اور تبع تابعین نے تابعین پر اعتماد کیا،اسی طرح ہر طبقے کے اہل علم نے اپنے سے پہلے لوگوں پر اعتماد کیا۔ عقل بھی اس طریقے کو اچھا سمجھنے پر دلالت کرتی ہے،کیونکہ شریعت کی معرفت نقل (روایت) اور استنباط دو چیزوں سے ہوتی ہے۔ جس طرح روایت صرف اسی صورت ممکن ہے کہ ہر طبقہ اپنے سے پہلے طبقے سے اتصال کے ساتھ لے،اسی طرح استنباط میں بھی ضروری ہے کہ متقدمین کے مذاہب بخوبی معلوم ہوں تاکہ کوئی استنباط سلف کے اقوال سے خارج ہو کر اجماعِ امت کا مخالف نہ ہو جائے۔"(عقد الجيد في أحكام الاجتهاد والتقليد، ص : 36)

3 جناب انور شاہ کشمیری دیوبندی (1292-1352ھ) کہتے ہیں:

"قرآن کریم کی تقریر کو سمجھنے کا سب سے زیادہ قابل اعتماد راستہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل اور صحابہ و تابعین کا تعامل ہے۔" (درس ترمذی از تقی عثمانی : 1/252)

4 جناب شبیر احمد عثمانی، دیوبندی، فلسفی (م : 1369ھ) لکھتے ہیں :

"تمسّک بالقرآن (قرآنِ کریم کو لازم پکڑنے) کا یہ مطلب نہیں کہ قرآن کو اپنی آراء و اہواء کا تختۂ مشق بنا لیا جائے، بلکہ قرآنِ کریم کا مطلب وہ ہی معتبر ہو گا، جو احادیثِ صحیحہ اور سلف صالحین کی متفقہ تصریحات کے خلاف نہ ہو۔"

(تفسیر عثماني، ص : 81، تحت سورۂ بقرہ : 107)

5 حافظ محمد ادریس، کاندھلوی، دیوبندی (م : 1394ھ) لکھتے ہیں :

"اس لیے کتاب و سنت کا مفہوم اور جو علوم کتاب و سنت سے ماخوذ اور مستفاد ہوں گے، وہ وہی ہوں گے جو صحابہ کرام] نے سمجھے ہیں۔ ہر بدعتی

اور گمراہ اپنے فاسد عقائد کو اپنے زعم اور خیال میں کتاب وسنت ہی سے ماخوذ ہونے کا مدعی ہے،لہذا کتاب وسنت کے وہی معانی اور مفاہیم معتبر ہوں گے،جو حضرات صحابہ کرام] نے سمجھے ہیں۔اس کے خلاف کسی مفہوم کا اعتبار نہ ہو گا۔جو شخص صحابہ کرام کے خلاف کتاب وسنت کا کوئی مفہوم بیان کرے،بس یہی اس کے گمراہ اور بے عقل ہونے کی دلیل ہے۔اگر صحابہ] نہیں سمجھے تو یہ نیم عربی داں اور یہ نیم انگریزی خواں کہاں سے سمجھ گیا؟ یہ نیم کی قید اس لیے لگائی کہ پورا عربی داں تو وہی سمجھے گا،جو صحابہ وتابعین اور سلف صالحین نے سمجھا اور پورا انگریزی داں جو عربی سے بالکل بے خبر ہو گا،سو اگر وہ عاقل اور دانا ہو گا تو وہ کتاب و سنت کے بارے میں کچھ لب کشائی نہ کرے گا۔اس لیے کہ عاقل اور دانا اس کتاب کے مطلب بیان کرنے پر کبھی جرأت نہیں کر سکتا،جس کتاب کی وہ زبان نہ جانتا ہو۔جس طرح ایک عربی زبان کا فاضل اور ادیب انگریزی قانون کی شرح کے بارے میں لب کشائی نہیں کر سکتا، اسی طرح ایک انگریزی داں قرآن و حدیث کی تفسیر پر لب کشائی نہیں کر سکتا اور

محض ترجمہ دیکھ کر اپنے کو قانون داں سمجھنا بھی نادان ہونے کی دلیل ہے۔"(عقائدِ اسلام، ص : 166)

استدلال لفظ مولیٰ سے کیا مراد ہے

ان بعض دلائل کو آپ نے ملاحظہ فرمایا، یہ گروہ سلف کی اندھی تقلید کا کس حد تک قائل ہے ،آیئے اب فہم سلف میں مولی کے معنی تلاش کرتے ہیں کہ حدیث غدیر میں سلف مولی سے کیا مراد لیتے ہیں؟

احمد بن حنبل وغیرہ نے با سند صحیح روایت کی ہے :

حدثنا يحيى بن آدم حدثنا حنش بن الحرث بن لقيط النخعي الأشجعي عن رياح بن الحارث قال : جاء رهط إلى على بالرحبة فقالوا السلام عليك يا مولانا قال كيف أكون مولاكم وأنتم قوم عرب قالوا سمعنا رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم غدير خم يقول من كنت مولاه فان هذا مولاه قال رياح فلما مضوا تبعتهم فسألت من هؤلاء قالوا نفر من الأنصار فيهم أبو أيوب الأنصاري

رياح بن حارث کا بیان ہے کہ (صحابہ کی ایک) جماعت علی (علیہ السلام) کے پاس ایک وسیع میدان میں آئی اور کہا سلام ہو آپ پر ہمارے سرپرست ، تو (علی علیہ السلام نے)کہا میں تمہارا سرپرست کیسے ہوں جبکہ تم عرب قوم ہو (یعنی آزاد ہو) تو انہوں نے کہا کہ ہم نے روز غدیر خم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا جس کا میں سرپرست ہوں اس کے علی سرپرست ہیں ،ریاح کا بیان ہے جب وہ جماعت واپس گئی تو میں بھی انکے پیچھے چلا میں نے پوچھا یہ کون ہیں تو لوگوں نے کہا یہ انصار کی ایک جماعت ہے ان میں ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بھی تھے۔

<u>مسند احمد ج 17 ص 36</u>

روایت کی سند صحیح ہے سارے راوی ثقہ ہیں

علماء رجال سے سب راویوں کا مختصر توثیق بھی نقل کئے دیتے ہیں تاکہ حجت تمام ہو جائے :

1 يحيى بن آدم بن سليمان الأموي

صحاح ستہ کا راوی ہے ابن حجر نے ائمہ اہل سنت سے اس کی توثیق نقل کی ہے:

ع الستة يحيى بن آدم بن سليمان الأموي مولى آل أبي معيط أبو زكريا الكوفي روى عن عيسى بن طهمان وفطر بن خليفة وإسرائيل والثوري وجرير بن حازم والحسن بن حي والحسن بن عياش وزهير بن معاوية وأبي الأحوص وعمار بن رزيق وفضيل بن مرزوق ومفضل بن مهلهل وورقاء ووهيب وأبي بكر بن عياش وخلق وعنه أحمد وإسحاق وعلي بن المديني ويحيى بن معين والحسن بن علي الخلال وأحمد بن أبي رجاء الهروي وأبو كريب والسندي وابنا أبي شيبة وعبدة بن عبد الله الصفار وعباس بن حسين القنطري ومحمد بن رافع ومحمود بن غيلان وهارون الحمال والحسن بن علي بن عفان العامري وآخرون وقال عثمان الدارمي عن بن معين ثقة وكذا النسائي وقال الآجري سئل أبو داود عن معاوية بن هشام ويحيى بن آدم وقال يحيى بن آدم واحد الناس وقال أبو حاتم كان يتفقه وهو ثقة وقال يعقوب بن شيبة ثقة كثير الحديث فقيه البدن ولم يكن له سن متقدم سمعت علي بن المديني يقول يرحم الله تعالى يحيى بن آدم أي علم كان عنده وجعل يطريه وقال أبو أسامة ما رأيت يحيى بن آدم إلا ذكرت الشعبي وقال بن سعد وغيره مات في ربيع الأول سنة ثلاث

ومائتين قلت تتمة كلام بن سعد وكان ثقة وقال العجلي كان ثقة جامعا للعلم عاقلا ثبتا في الحديث وذكره بن حبان في الثقات وقال كان متقنا يتفقه وقال بن شاهين في الثقات قال يحيى بن أبي شيبة ثقة صدوق ثبت حجة ما لم يخالف من هو فوقه مثل وكيع

خلاصہ یہ ہے کہ ابن معین ،نسائی، ابو حاتم، یعقوب بن شیبہ، ابن سعد،

عجلی نے اسے ثقہ کہا ابن حبان و ابن شاہین نے اس کا شمار ثقات میں کیا

تہذیب التہذیب ج 4 ص 337

2 خنش بن الحارث بن لقيط النخعي

"بخ خنش بن الحارث بن لقيط النخعي الكوفي روى عن أبيه وسويد بن غفلة وعمرو بن ميمون والأسود بن يزيد وعبد الرحمن بن الأسود وغيرهم وعنه أبو أسامة ووكيع وشريك بن عبد الله وأبو أحمد الزبيري

وأبو نعيم وقال كان ثقة وعده وقال أبو حاتم صالح الحديث ما به بأس قلت وذكره ابن حبان في الثقات وقال ابن سعد كان ثقة قليل الحديث وقال أبو بكر البزار في مسنده ليس به بأس وقال العجلي ثقة.

ابو نعیم ،ابن سعد، عجلی نے ثقہ کہا، ابو حاتم نے صالح حدیث ہے اس میں کوئی حرج نہیں، ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا، بزار نے کہا اس میں کوی حرج نہیں

تہذیب التہذیب ج 3 ص 57

3 رياح بن الحارث النخعي

ابن حجر نے اس کی توثیق عجلی و ابن حبان سے نقل کی ہے

رياح بن الحارث النخعي أبو المثنى الكوفي.

يقال إنه حج مع عمر وروى عن ابن مسعود وعلي وسعيد بن زيد وعمار بن ياسر والحسن بن علي بن أبي طالب رضى الله عنهم والاسود بن يزيد.

وعنه ابنه جرير وحفيده صدقة بن المثنى بن رياح والحسن بن بن الحكم النخعي وأبو جمرة الضبعى وعدة.

ذكره ابن حبان في الثقات.

قلت: وقال العجلى كوفي تابعي ثقة.

ابن حبان نے اس کا ذکر ثقات میں کیا، عجلی نے کہا ثقہ تابعی ہے

تہذیب التہذیب ج 3 ص 258

روایت کی توثیق بعض نواصب سے بھی نقل کر دیتے ہیں تاکہ مزید سند بن جائے

مسند احمد بن حنبل کے محقق احمد محمد شاکر سند کو صحیح تسلیم کیا

المسند

الإمام

أحمد بن محمد بن حنبل

١٦٤ - ٢٤١

شرحه وصنع فهارسه

أحمد محمد شاكر

الجزء السابع عشر

عبدالله بن يزيد الخطمي عن أبي أيوب الأنصاري أنه صلى مع رسول اللهﷺ في حجة الوداع صلاة المغرب والعشاء الآخرة بالمزدلفة.

٢٣٤٥٣ـ حدثنا يحيى بن آدم ثنا حنش بن الحرث بن لقيط النخعي الأشجعي عن رياح بن الحرث قال: جاء رهط إلى علي بالرحبة، فقالوا: السلام عليك يا مولانا، قال: كيف أكون مولاكم وأنتم قوم عرب؟ قالوا: سمعنا رسول اللهﷺ يوم غديرخم يقول «من كنت مولاه فإن هذا مولاه» قال رياح: فلما مضوا تبعتهم، فسألت: من هؤلاء؟ قالوا: نفر من الأنصار فيهم أبو أيوب الأنصاري.

٢٣٤٥٤ـ حدثنا أبو أحمد ثنا حنش عن رياح بن الحرث قال: رأيت قوماً من الأنصار قدموا على عليّ في الرحبة، فقال: من القوم؟ قالوا: مواليك يا أمير المؤمنين ... فذكر معناه.

٢٣٤٥٥ـ حدثنا عبدالله بن الوليد ثنا سفيان ثنا الأعمش عن المسيب بن رافع عن رجل عن أبي أيوب قال: كان النبي ﷺ/ يصلي قبل الظهر أربعاً، فقيل له: إنك تصلي صلاة تديمها، فقال «إن أبواب السماء تفتح إذا زالت الشمس فلا ترتج حتى يصلى الظهر؛ فأحب أن يصعد لي إلى السماء خير».

٤٢٠/٥

٢٣٤٥٦ـ قرأت على عبدالرحمن: مالك عن يحيى بن سعيد

(٢٣٤٥٣) **إسناده صحيح**، حنش بن الحارث بن لقيط النخعي موثق وحديثه عند البخاري في الأدب، ورباح بن الحارث ثقة من التابعين الكبار، والحديث سبق في ٢٣٠٠١و٢٢٨٤١.

(٢٣٤٥٤) **إسناده صحيح**، وهو كسابقه.

(٢٣٤٥٥) **إسناده ضعيف**، لجهالة الراوي عن أبي أيوب. والحديث سبق في ٢٣٤٤١.

(٢٣٤٥٦) **إسناده صحيح**، سبق في ٢٣٤٥٢.

مسند کے دوسرے محقق شعیب الارنووط نے بھی سند کو صحیح تسلیم کیا

مُسْنَد
الإمام أحمد بن حنبل
(١٦٤ - ٢٤١ هـ)

حقّق هذا الجزء وخرّج أحاديثه وعلّق عليه

شعيب الأرنؤوط — عادل مرشد

جمال عبد اللطيف — سعيد اللحام

الجزء الثامن والثلاثون

مؤسسة الرسالة

٢٣٥٦٢ـ حدثنا ابن نُمَير، حدثنا يحيى، عن عَدِي بن ثابت، عن عبد الله بن يزيد الخَطْمي

عن أبي أيوب الأنصاريِّ: أنه صَلَّى مع رسول الله ﷺ في حَجَّة الوَدَاع صلاةَ المغرب والعِشاءِ الآخرةِ بالمُزدلِفَة[1].

٢٣٥٦٣ـ حدثنا يحيى بنُ آدمَ، حدثنا حَنَش بن الحارث بن لَقِيط النَّخَعي الأشجَعي، عن رِيَاح بن الحارث قال:

جاءَ رَهْطٌ إلى عليٍّ بالرَّحْبةِ فقالوا: السلامُ عليك يا مَوْلانا. قال: كيف أكونُ مولاكم وأنتم قومٌ عربٌ؟! قالوا: سَمِعْنا رسولَ الله ﷺ يوم غَدِير خُمٍّ يقول: «مَن كنتُ مَوْلاهُ، فإنَّ هٰذا مَوْلاهُ».

= وأخرجه المزي في ترجمة عمر بن ثابت من «التهذيب» ٢١/ ٢٨٤ من طريق عبد الله بن أحمد، عن أبيه، بهٰذا الإسناد.

وأخرجه مسلم (١١٦٤)، وابن ماجه (١٧١٦) من طريق ابن نمير، به.

وانظر (٢٣٥٣٣).

(١) إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن نمير: هو عبد الله، ويحيى: هو ابن سعيد بن قيس الأنصاري.

وأخرجه الحميدي (٣٨٣)، والدارمي (١٥١٦)، والبخاري (١٦٧٤)، ومسلم (١٢٨٧)، وابن ماجه (٣٠٢٠)، والنسائي في «المجتبى» ٥/ ٢٦٠، وفي «الكبرى» (٤٠٢٤)، وأبو عوانة في الصلاة كما في «إتحاف المهرة» ٤/ ٣٦٧، والشاشي (١١١٨) و(١١١٩)، والطبراني (٣٨٦٥-٣٨٦٨)، والبيهقي ٥/ ١٢٠ من طرق عن يحيى بن سعيد الأنصاري، بهٰذا الإسناد.

وسيأتي برقم (٢٣٥٦٦) من طريق مالك عن يحيى بن سعيد الأنصاري. وانظر (٢٣٥٤٩).

قال رِيَاح: فلما مَضَوْا تبعتُهم، فسألتُ من هٰؤلاءِ؟ قالوا: نَفَرٌ من الأنصار فيهم أبو أيوب الأنصاريُّ[1].

٢٣٥٦٤ـ حدثنا أبو أحمدَ، حدثنا حَنَش، عن رِيَاح بن الحارث قال:

رأيتُ قوماً من الأنصار قَدِمُوا على عليٍّ في الرَّحْبة، فقال مَن القوم؟ قالوا: مَوالِيكَ يا أميرَ المؤمنين، فذكر معناه[2].

٢٣٥٦٥ـ حدثنا عبدُ الله بن الوليدِ، حدثنا سفيانُ، حدثنا الأعمشُ، عن المسيَّب بن رافعٍ، عن رجل

٥/ ٤٢٠ عن أبي أيوب قال: كان النبيُّ ﷺ يُصلِّي قبلَ الظُّهر أربعاً، فقيل له: إنك تُصلِّي صلاةً تُدِيمُها! فقال: «إنَّ أبوابَ السَّماءِ تُفْتَحُ إذا زالَتِ الشَّمسُ، فلا تُرْتَجُ حتَّى يُصَلَّى الظُّهرُ، فأُحِبُّ أَنْ يَصْعَدَ لي إلى السَّماءِ خيرٌ»[3].

---

(١) إسناده صحيح.

وأخرجه بنحوه ابن أبي شيبة ١٢/ ٦٠، وابن أبي عاصم في «السنة» (١٣٥٥)، والطبراني (٤٠٥٢) و(٤٠٥٣) من طريق شريك، عن حنش بن الحارث، بهٰذا الإسناد.

وأخرجه الطبراني (٤٠٥٣) من طريق شريك، عن الحسن بن الحكم، عن رياح بن الحارث، نحوه. وشريك سيىء الحفظ.

وفي الباب عن علي، سلف برقم (٩٥٠).

وعن زيد بن أرقم، سلف برقم (٩٥٢).

(٢) إسناده صحيح كسابقه. أبو أحمد: هو محمد بن عبد الله الزبيري.

(٣) صحيح لغيره، وهٰذا إسناد ضعيف لجهالة الراوي عن أبي أيوب، وقد =

ہیثمی نے مجمع الزوائد میں اس روایت کو احمد و طبرانی سے نقل کیا اور کہا احمد کے سب راوی ثقہ ہیں، اور مجمع الزوائد کے محقق حسین سلیم اسد الدارانی نے احمد کی سند کو صحیح اور طبرانی کی روایت کو حسن کہا۔

للإمام الحافظ العالم

أبي الحسن علي بن أبي بكر بن سليمان الشافعي

نور الدين الهيثمي

رحمه الله تعالى

(٧٣٥-٨٠٧هـ)

حققه وخرج أحاديثه

حسين سليم أسد الداراني مرهف حسين أسد

كتاب المناقب

١٤٣٠٠ - ١٥٤٤٥

دار المنهاج

وضعفه الجمهور ، وبقية رجاله ثقات .

٥ ـ بَابُ قَوْلِهِ صَلَّى ٱللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كُنْتُ مَوْلاَهُ فَعَلِيٌّ مَوْلاَهُ

١٤٦١٢ ـ عَنْ رِيَاحِ بْنِ ٱلْحَارِثِ ، قَالَ : جَاءَ رَهْطٌ إِلَىٰ عَلِيٍّ ـ رَضِيَ ٱللهُ عَنْهُ ـ بِٱلرَّحْبَةِ ، قَالُوا : ٱلسَّلاَمُ عَلَيكَ يَا مَوْلاَنَا .

فَقَالَ / : كَيفَ أَكُونُ مَولاَكُمْ وَأَنْتُمْ قَومٌ عَرَبٌ ؟ (ظ : ٤٩٧) قَالُوا : سَمِعْنَا ١٠٣/٩ رَسُولَ ٱللهِ صَلَّى ٱللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَومَ غَدِيرِ خُمٍّ ، يَقُولُ : « مَنْ كُنْتُ مَولاَهُ فَهَـٰذَا مَوْلاَهُ » .

قَالَ رِيَاحٌ : فَلَمَّا مَضَوْا تَبِعْتُهُمْ ، فَقُلْتُ : مَنْ هَـٰؤُلاَءِ ؟

قَالُوا : نَفَرٌ مِنَ ٱلأَنْصَارِ فِيهِمْ أَبُو أَيُّوبَ ٱلأَنْصَارِيُّ .

رواه أحمد(١) والطبراني ، إلا أنه قال : قَالُوا : سَمِعْنَا رَسُولَ ٱللهِ صَلَّى ٱللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : « مَنْ كُنْتُ مَوْلاَهُ فَعَلِيٌّ مَوْلاهُ ٱللَّهُمَّ وَالِ مَنْ وَالاَهُ ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ » ، وَهَـٰذَا أَبُو أَيُّوبَ بَيْنَنَا .

فَحَسَرَ أَبُو أَيُّوبَ ٱلْعِمَامَةَ عَنْ وَجْهِهِ ، ثُمَّ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ ٱللهِ صَلَّى ٱللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : « مَنْ كُنْتُ مَوْلاَهُ فَعَلِيٌّ مَوْلاَهُ ، ٱللَّهُمَّ وَالِ مَنْ وَالاَهُ ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ » (مص : ١٩٠) .

---

(١) في المسند ٥/ ٤١٩ من طريق يحيى بن آدم .
وأخرجه الطبراني في الكبير ٤/ ١٧٣ برقم(٤٠٥٢ ، ٤٠٥٣) وابن عساكر في « تاريخ دمشق » ٤٢/ ٢١٤ ، ٢١٥ من طريق شريك .
جميعاً : حدثنا حنش بن الحارث بن لقيط النخعي ، عن رياح بن الحارث . . . . وإسناده صحيح .
وأخرجه الطبراني أيضاً برقم (٤٠٥٣) من طريق شريك ، عن الحسن بن الحكم ، عن رياح بن الحارث النخعي به . وهـٰذا إسناد حسن من أجل شريك ، وقد فصلنا القول فيه عند الحديث (١٧٠١) في « موارد الظمآن » وقد تقدم برقم (٤٣٧) .

ورجال أحمد ثقات .

١٤٦١٣ ـ وَعَنْ عَمرٍو ذِي مُرٍّ ، وَزَيدِ بْنِ أَرْقَمَ ، قَالاَ : خَطَبَ رَسُولُ ٱللهِ صَلَّى ٱللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَومَ غَدِيرِ خُمٍّ ، فَقَالَ : « مَنْ كُنْتُ مَولاَهُ فَعَلِيٌّ مَولاَهُ ، ٱللَّهُمَّ وَالِ مَنْ وَالاَهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ ، وَٱنْصُرْ مَنْ نَصَرَهُ ، وَأَعِنْ مَنْ أَعَانَهُ » .

قُلْتُ : لِزَيدِ بْنِ أَرْقَمَ عِندَ ٱلتِّرمِذِيِّ : « مَنْ كُنْتُ مَولاَهُ فَعَلِيٌّ مَولاَهُ » فَقَطْ .

